مجموعۂ رسائلِ قربی

مُصنّفہٗ

قدوۃ المحققین زبدۃ العارفین واقفِ اسرارِ ربانی ماہرِ علوم معقول و منقول رکن الملۃ والدین
مولانا و مرشدنا حضرت سید شاہ ابو الحسن قربی القادری قدس سرہٗ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجموعہ رسائل قربی

مصنفہ

قدوۃ المحققین زبدۃ العارفین واقف اسرار ربانی ماہر علوم معقول و منقول رکن الملۃ والدین

مولانا و مرشدنا حضرت سید شاہ ابوالحسن قربی القادری قدس سرہ

مترجمہ

مولانا مولوی محمد طیب الدین اشرفی مونگیری

صدر مدرس دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور

شائع کردہ:- "دار التصنیف والاشاعت" مکان حضرت قطب ویلور، قدس سرہ العزیز

در مطبع الیکٹرک قومی پریس لبے جد سٹرٹ بنگلور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیر ظل حمایت و سرپرستی

اعلیٰ حضرت مولانا ابو النصر قطب الدین سید شاہ

محمد باقر صاحب قادری مد ظلہ العالی

(سجادہ نشین مکان حضرت قطب ویلور)

زیر اہتمام و نگرانی

حضرت مولانا ابو الحسن صدر الدین سید شاہ

محمد طاہر صاحب قبلہ قادری (بی اے)

ناظم دار العلوم لطیفیہ

ویلور

مترجمہ:-

مولانا مولوی محمد طیب الدین اشرفی

مونگیری

صدر مدرس دار العلوم لطیفیہ ویلور

شائع کردہ

"دار التصنیف و الاشاعت"

مکان حضرت قطب ویلور

۷۸۶
۹۲

حرفِ اوّل

سید العارفین حضرت سید شاہ ابوالحسن قربیؔ قادری رحمۃ اللہ علیہ ۱۱۱۸ھ میں بیجاپور میں پیدا ہوئے۔ چند سال بعد جب وہاں سے علماء و مشائخ دوسرے علاقوں میں ہجرت کرنے لگے تو اُن کے ساتھ آپ کے والدِ ماجد سید شاہ عبداللطیفؒ قادری بیجاپوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ترکِ وطن فرمایا اور مختلف علاقوں سے ہوتے ہوئے ویلور دارالسرور میں آکر مستقل سکونت اختیار کی۔ بیجاپور سے ہجرت کے وقت حضرت قربیؒ کی عمر چار یا پانچ سال کی تھی اور جب ویلور آئے اس وقت چودہ[۱۴] سال کے تھے۔ اتنے دنوں تک والد کے زیرِ سایہ تعلیم و تربیت پاتے رہے۔ یہاں آنے کے بعد بھی آپ ہی کے زیرِ سایہ مختلف اساتذۂ روزگار کے پاس علوم عقلیہ و نقلیہ حاصل کرتے رہے۔ علومِ ظاہرہ کی تکمیل کے بعد آپ سلوک کی جانب متوجہ ہوئے۔ آپ کا گھرانا اور ماحول صوفیانہ تھا، اُسی ماحول میں آپ نے آنکھیں کھولی تھیں۔ فطرۃً کمالِ باطنی کے حصول کی صلاحیت و استعداد بدرجۂ اتم موجود تھی جو اُبھر کر سامنے آنے کے لئے اسباب کی جویا تھی چنانچہ والدِ بزرگوار کی شفیق نگاہ اور شیخ فخرالدین بھکریؒ کی صحبت نے تریاق کا کام کیا۔ اور آپ کے اندر اس کی تکمیل کا کامل اور صادق جذبہ اُبھرا اور مختلف شیوخ کے پاس آپ نے علومِ حقائق و عرفان حاصل کیا اور سلوک کے جُملہ مراتب طے کئے۔ آپ کو آپ کے شیخ مخدوم ساویؒ نے اپنی زندگی ہی میں لوگوں سے بیعت کرانے کی اجازت دیدی تھی۔

آپ کا لوگوں سے بیعت لینے کا اولین مقصد یہی تھا کہ وہ حضرات جو احکامِ شرعیہ کی پابندی سے دُور ہیں پابند ہوجائیں اور کم از کم نجاتِ اُخروی کے اسباب و ذرائع مہیّا کرنے میں کوشاں رہیں۔ جیسا کہ باقرؔ آگاہؒ نے آپ کے مناقب "تحفۃ الحسن" میں اس کا ذکر کیا ہے۔ کیونکہ وہ ایک ایسا تاریک دور تھا جس میں لوگ مذہب سے بہت دُور ہوچکے تھے۔ حقائقِ شرعیہ ان کی نگاہوں

سے اوجھل ہوتے جا رہے تھے۔ اس مذہبی انتشار نے لوگوں کو عجیب اضطراب میں ڈال دیا تھا لوگ اپنی صلاحیت اس درجہ کھو چکے تھے کہ کوئی راہزنِ ایمان تقدس و درویشی کی عبا ڈال کر ان کے سامنے آتا تو اُسے وہ صادق و کامل رہنما تسلیم کر لیتے اور اس کی جانب جھک پڑتے۔ اس کی ناقص و گمراہ کن تعلیم کو صحیح جان کر اپنا لیتے اسی کا نتیجہ تھا۔ کہ بہت سے لوگ صراطِ مستقیم کی سلامتی سے بہت دُور ہو گئے اور اسلام کی توحید کی دی ہوئی تعلیم بھلا کر اتحاد و حلول کے قائل ہو گئے اور اور رہی سہی ایمان و عمل کی دولت بھی کھو بیٹھے۔ ایسے نازک دور میں حضرت قربیؒ نے تبلیغِ دین حق کا کام شروع کیا اور عقائد کے علاوہ تصوف میں بہت سے رسائل لکھے، خاص کر توحید پر کئی رسائل تصنیف کئے۔ اور لوگوں کو اس کی حقیقت سے آگاہ کرنے کی کوشش کی، چنانچہ آپ نے میزان العقائد میں جگہ جگہ گمراہ پیروں اور ان کی گمراہ کن تعلیموں کا ذکر کر کے رد کیا ہے۔

مسئلۂ توحید جو دورِ تابعین کے بعد ہی سے علماء اور صوفیاء کے درمیان مختلف فیہ رہا ہے اور آگے چل کر صوفیاء میں بھی وجودیہ اور شہودیہ، دو گروہ ہو گئے۔ وجودیہ کے شیخ اکبر ابن عربیؒ اور شہودیہ کے شیخ علاؤالدین سمنانی پیشوا مانے جاتے ہیں محققین وجودیہ کی تعبیروں کو کماحقہٗ نہ سمجھ کر بہت سے لوگ اتحاد و حلول کا گمان کر بیٹھے جو ایک اور نئے فتنہ کا سبب ہوا۔ حضرت قربیؒ کے زمانہ میں وجودیہ میں لوگ دو طبقے میں، ہو گئے۔ ایک نے کہا کہ بندے اور خدا کے درمیان عینیت و غیریتِ حقیقی کی نسبت پائی جاتی ہے، اور دوسرے نے کہا کہ عینیتِ حقیقی اور غیریتِ اعتباری ہے۔ اور آپ کے شیخ مخدوم ساویؒ نے عینیت و غیریت کو اصطلاحی قرار دیا اور اسی بنیاد پر مسئلۂ مذکور کی وضاحت کی جس کی وجہ سے علماء مدراس و حضرت مخدومؒ میں شدید اختلاف رہا۔ حضرت قربیؒ اپنے شیخ ہی کے مسلک پر ہے اور اس کی تحقیق میں بہت سے رسائل لکھے۔ چنانچہ رسالہ اثباتِ وجودِ حقیقی میں اس پر بحث کرتے ہوئے صفحہ ۴ پر لکھتے ہیں کہ

کمل اولیاء قدس اللہ اسرارہم ہم نسبتِ عینیتِ حقیقی اصطلاحی و غیریتِ حقیقی اصطلاحی درمیانِ خالق و مخلوق ثابت می کنند تا آیات و احادیث دال بر یگانگی و آیات و احادیث

دال بر بیگانگی ہمہ بجائے خود مُثبت باشند۔ یعنی کاملین اولیاء کرام قدس اللہ اسرارہم بھی خالق اور مخلوق کے درمیان نسبت علینیت حقیقی اصطلاحی اور غیریت حقیقی اصطلاحی ثابت کرتے ہیں تاکہ وہ آیات واحادیث جو علینیت پر دال ہیں اور وہ آیات واحادیث جو غیریت پر دال ہیں بجائی خود مثبت ہوں۔ اسی رسالہ میں آگے چل کر بحث کرتے ہوئے صٖ۶و۷ میں لکھتے ہیں کہ ' اگر عینیت درمیانِ خالق ومخلوق وغیریت میان ہردو حقیقی اصطلاحی نبود پس علینیت وغیریت نسبی باشد' پس لازم می آید کہ عالم را صفات اللہ تواں گفت' زیراکہ ہمیں نسبت' درمیان ذات وصفات ومعلومات حق تعالیٰ است' پس جمیع وعیدات دعذاب و لعنت ونقائص راجع بحق خواہد بود' وحال آنکہ از بطلان آن قرآن شریف واحادیث منیف وعقائد مملوہست۔ یعنی اگر خالق ومخلوق کے درمیان علینیت اور غیریت حقیقی اصطلاحی نہ ہو تو علینیت وغیریت نسبی ہوگی۔ تو اس سے لازم آتا ہے کہ عالم کو صفات اللہ کہہ سکتے ہیں کیونکہ یہی نسبت ذات اور صفات کے درمیان اور معلومات حق تعالیٰ کے درمیان ہے۔ پس تمام وعیدیں اور عذاب اور لعنت اور نقائص حق تعالیٰ کی جانب لوٹ جائیں گے۔ حالانکہ اس کے بطلان سے قرآن وحدیث اور عقائد بھرے ہوئے ہیں۔ اس مسئلہ پر آپ نے کئی رسالوں مثلاً توحید الجامع، توحید الاقوم، خلاصۃ المعرفہ، جمع الجمع۔ رسالہ توفیق، حلّال درحل علینیت وغیریت وغیرہ میں جامع بحث کی ہے۔ اور یہ ثابت کیا ہے کہ تمام کاملین مشائخ نے خالق اور مخلوق کے درمیان نسبت علینیت وغیریت حقیقی اصطلاحی کو مانا ہے جس کی تائید آیات واحادیث سے ہو رہی ہے۔

تعلیم تصوف یوں تو حضرت قربیؒ کے پاس بے شمار لوگ مرید ہونے کے لئے آتے تھے، اور ہر ایک کو ضرور داخل سلسلہ فرما کر شریعت پر گامزن رہنے کی تاکید فرماتے لیکن ہر ایک کو اسرار وحقائق کی تعلیم نہیں دیتے۔ جس کو آپ طالب صادق دیکھتے اور اس میں اسرار وحقائق اخذ کرنے کی صلاحیت واستعداد پاتے تو اس کو حسب صلاحیت تعلیم

دیتے، جیساکہ آپ کے صاحبزادے حضرت ذوقی رح نے لطائفِ لطیفی میں اس کا ذکر کیا ہے کہ آپ (قربی رح) نامحرموں کے سامنے کشفِ الٰہی کی گفتگو نہ کرتے۔ کیونکہ اس حقیقت کا افشا ان کی گمراہی کا سبب ہوتا۔ اور جن لوگوں کے سامنے بیان کرتے ان کے حوصلہ کے موافق اسرارِ الٰہی کی تعلیم اس طرح دیتے کہ ان کے دل و دماغ میں پوری طرح اتر جاتی۔ کسی کو اس کی صلاحیت سے بلند تعلیم ہرگز نہ دیتے تھے، کیونکہ اسرار کا بیان طالب کے حوصلہ سے زیادہ طالب کو اضطراب میں ڈال دیتا ہے اور وہ راہِ شریعت کی سلامتی سے دور پڑ جاتا ہے۔ انتہیٰ۔

حضرت قربی رح کے نزدیک طالب صادق کا ایک خاص معیار ہے، اور اور راہِ حق کی سلامتی کے ساتھ سلوک طے کرنے اور مقصود پانے کے لئے وہ حسبِ ذیل شرطوں کی پابندی لازمی طور پر کرے۔ چنانچہ لب السلوک میں اس کو بیان فرماتے ہیں کہ طالب حق کے لئے ضروری ہے کہ وہ چند امور پر عمل کرے، اوّل یہ کہ علم عقائد اور فقہ سے اتنا ضرور واقفیت حاصل کرے جس سے اس کے قول، فعل، اخلاق اور عقائد قرآن و احادیث کے موافق ہوں، اور عقل کی گمراہی سے محفوظ رہے۔ دوم یہ کہ اپنی طاقت کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو بجا لائے۔ کیونکہ اس کی پابندی اس کو بیشمار ثمرات و برکات عطا کرے گی۔ سوم یہ کہ اپنے عیوب کی اصلاح میں اس طرح مشغول ہو کہ وہ دیندار مسلمانوں کی عیب جوئی سے محفوظ و مامون ہو جائے۔ چہارم یہ کہ تواضع و انکسار اپنے اندر حد درجہ پیدا کرے پنجم اپنے قول و فعل میں صداقت و یگانگت پیدا کرے ششم حق گوئی اس کا شیوہ ہو، کسی کی منت و لجاجت کرنے میں نہ رہے ہشتم۔ پیر کامل مرشدِ واصل جو جامع بین الاضداد ہو، اسکی تلاش کرے۔ اور جہاں مل جائے فوراً اپنے کو اس طرح اس کے حوالے کر دے جس طرح حضرت موسیٰ نے خضر علیہ السلام کے حوالے اپنے کو کیا تھا۔ نہم اپنے نفس پر بزرگانِ دین کو ہرگز قیاس نہ کرے اس لئے کہ ایسا سمجھنے والا ہرگز اپنا مقصود نہیں پا سکتا ہے۔ ہمیشہ اولیاء کرام کے حق میں حسن ظن رکھے۔ دہم فقرا اور مساکین کی سچے دل سے خدمت کرے۔ یازدہم صابر اور حلیم رہے۔

اور اپنے کو کامل ادب والا بننے کا خوگر بنائے کہ اسی میں فلاح و کامرانی ہے —
دوازدہم[12] نااہلوں کی صحبت سے کلی طور پر پرہیز کرے کہ ان کی صحبت اس کو بالکل برباد کر دے گی اور [13] ہمیشہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرے تاکہ جلد اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرے۔ چہاردہم[14] جلد از جلد حق کی جانب رجوع ہو جائے کیونکہ نہیں معلوم کس وقت موت آجائے اور وہ اپنا مقصد حاصل نہ کر سکے۔ پانزدہم[15] ہر حال میں خاموشی اس کے لئے بہتر ہے اور دل میں ہر وقت ذکر حق کرتا رہے جو دلیل کامرانی ہے۔

حضرت قربیؒ کی تصنیف و تعلیم کا اثر لوگوں پر یہ ہوا کہ حق و باطل کی تمیز ان کے اندر پیدا ہونے لگی اور بے شمار لوگوں کا رجحان آپ کی جانب ہوا اور آپ سے شریعت و طریقت کی تعلیم حاصل کرنے جوق در جوق آنے لگے۔ چنانچہ باقر آگاہؒ نے تحفۃ الحسن میں اس کا ذکر کیا ہے کہ خاص کر فارسی میں جنوب کے اندر آپ کے شاگرد یا شاگرد کے شاگرد ہی ہیں انتہی۔ اس میکدۂ علم و عرفان میں جو کوئی بھی آیا اپنا مقصد پا کر گیا حسب صلاحیت و استعداد ہر ایک نے کسب فیض کیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اکثر خلفاء آپ کے صاحب عرفان گذرے ہیں۔ جس پر بھی اس قطب زماں کی ایک نظر پڑ گئی اس کا قلب و سینہ نور حق سے معمور ہو گیا۔

معرفت و سلوک

تمام علمائے اسلام خصوصًا صوفیاءِ عظام کا یہ اتفاق ہے کہ انسان کی تخلیق اس لئے ہوئی ہے کہ وہ اس عالم میں رہ کر اپنے معبود کو پہچانے اور اس کی قربت حاصل کرے۔ چنانچہ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون کی آیت اسی چیز کو واضح کر رہی ہے۔ صوفیاء قدس اللہ اسرارہم نے لیعبدون کی تفسیر لیعرفون کی ہے۔ بعض مفسدین نے راہ سلوک میں قدم رکھنے کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ جو شخص تعلیم سلوک و حقائق حاصل کر لیتا ہے اس سے مکلفات شرعیہ ساقط ہو جاتے ہیں۔ اور ان پر ظاہری احکام شرعیہ کی بجا آوری لازم و واجب نہیں، اور جو کاملین شرع کی پابندی کرتے ہیں اُن کا مقصد احکام شرعیہ کی ترویج و اشاعت رہے اور

بس۔ ان کا یہ خیال سراسر ضلال ہے۔ اور جو شخص ایسا اعتقاد رکھتا ہے وہ بد دین و زندیق ہے۔ چنانچہ میزان العقائد میں حضرت قربیؒ نے اس کا شدت سے رد کیا ہے اور فرمایا کہ ایک لحظہ بھی راہِ شریعت کا چھوڑنے والا ہلاکت میں ہے۔

دوسری اہم اور قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اکثر لوگوں کے دل و دماغ میں یہ بات بسی ہوئی ہے اور ان کا خیال ہے کہ سلوک میں قدم رکھنے پر یہ لازم ہے کہ وہ تمام دنیا والوں سے الگ تنہائی، گوشہ نشینی اختیار کرلے اور دنیا سے کلی طور پر اپنا تعلق توڑ کر فقر و فاقہ کی زندگی لازم پکڑے۔ بیوی بچوں سے، خاندان والوں سے کوئی واسطہ نہ رکھے اور دن رات صرف عبادت و ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے اور لازماً ریاضاتِ شاقہ کرتا رہے کیونکہ اس کے بغیر وہ ہرگز اپنا مقصد نہیں پاسکتا ہے۔ یہ خیال محض نادانی ہے۔ اگر یہ صحیح تسلیم کرلیا جائے تو پھر یہ سوال ہے کہ دنیا کی یہ ساری چیزیں آخر کس کیلئے پیدا کی گئیں ہیں اور کون اس سے فائدہ اٹھائے گا جبکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے وہ تمھارے لئے پیدا کی گئی ہے معلوم ہوا کہ جب انسان کے لئے یہ چیزیں پیدا کی گئی ہیں تو انسان ہی کو اس سے فائدہ اُٹھانا ہے۔

امام العارفین مولانا رکن الدین سید شاہ ابوالحسن قربی رح کیمیائے سعادت میں اسی کی جانب توجہ دلاتے ہوئے طالبینِ حق سے فرماتے ہیں کہ "دراینجا مقدمہ کہ دانستن آں طالبِ حق را ضرور است مرقوم می شود و آں شش چیز است اول آنکہ خلقِ انسان برائے حصولِ معرفۃ اللہ است کہ ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ای لیعرفون۔ دوم آنکہ مکان حصولِ معرفۃ ہمیں دارِ دنیا است و بس کہ من کان فی ھذہ اعمی فھو فی الاخرۃ اعمی سوم آنکہ برائے حصولِ آں ارتکابِ ریاضاتِ شاقہ از ترکِ طعام و نوم و ازدواج و اولاد و کسبِ مال و متاع درکار نیست و رھبانیۃ نابتدعوھا ماکتبناھا علیھم

یعنی اس جگہ ایک مقدمہ ہے کہ اس کا جاننا طالب حق کے لئے ضروری ہے لکھا جاتا ہے اور وہ چھ چیزیں ہیں۔ اوّل یہ کہ انسان کی پیدائش اللہ کی معرفت کے لئے ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جن وانس کو میں نے اپنی عبادت یعنی معرفت کے لئے پیدا کیا ہے۔ دوم یہ کہ اس معرفت کے حاصل کرنے کی جگہ یہی دنیا ہے اور بس۔ اس لئے، کہ اللہ نے فرمایا جو اس دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہے۔ سوم یہ کہ اس کے حاصل کرنے کے لئے ریاضات شاقہ کا مرتکب ہونا اور کھانے، سونے، بیوی بچے اور کسب حلال وسامان کے ترک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جس رہبانیت کو انہوں نے ایجاد کیا ہے اس کو ان پر ہم نے فرض نہیں کیا ہے۔

جو کوئی طالب صادق حضرت قربیؒ سے متعلق ہوا آپ نے بآسانی بغیر کسی ریاضات شاقہ کے اس کے معاملات سلوک طے کرا دیا۔ آپ کا طریقہ تھا کہ معاملات سلوک کے طے کرنے کے دوران ہی حقائق وعرفان حسب استعداد سالک تعلیم فرما دیتے جس سے ماسوا اسرار الٰہیہ بفضل رب العالمین اس پر خود بخود منکشف ہو جاتے اور اس طرح وہ دنیا بھر کی پریشانیوں میں مبتلا ہوئے بغیر اپنا مقصود پا لیتا ہے۔ یہاں کے بزرگوں کا مشہور مقولہ "قدمے وارد" یعنی حدوث سے نکل کر وجوب میں قدم رکھ دینا اور اپنی ذات کو ذات حق میں فنا کر دینا، جس کے لئے ریاضات شاقہ کے مرتکب ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ دائرۂ شریعت میں معاملات دنیا برتتے ہوئے خدا تک پہنچنے کا سہل الحصول راہ اختیار کرنا۔

حضرت قربیؒ اسی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

قربی چہ کنی فکرت نزدیکی و دوری ... خوش باش کہ رہ وصل دلارام دوگام است

معرفت وکشف الٰہی کا حصول جیکی تعلیم سینہ بہ سینہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے لیکر ہر زمانے کے کاملین تک پہنچتی رہی ہے انھیں کی بارگاہ میں ہو سکتا ہے۔ اسی لئے حضرت قربیؒ نے مرشد کامل کی تلاش وجستجو پر بہت زیادہ زور دیا ہے کہ جب تک شیخ کامل نہ مل جائے

اُس وقت کو اس کو پانے کی جد و جہد کرنی چاہیئے۔ اور فضل الٰہی کا سہارا لے کر کوشاں رہنا چاہیئے کیونکہ دولت وہیں سے مل سکتی ہے۔

رسالہ حق المعرفۃ میں فرماتے ہیں کہ حصولِ ایں معرفت موقوف بر اخبار و قال صحیح ایشان ہست یا غلام یوخذ العلم من افواہ رجال اللہ لامن الصحائف والدفاتر سے گوش را نزدیک کن کان دور نیست - لیک نقل آں تو دستور نیست۔ پس نتیجۂ ایں عبارت ایں برآید بیعت با خاصانِ الٰہی فرض ہست برائے حصولِ معرفتِ خاص کہ مقصودِ آفرینش اوست از قال صحیح ایشاں حاصل می شود نہ از علم رسمی، نہ ریاضات شاقہ نہ کشفِ مقید نہ خرق عادات نہ انوار حالات، یعنی اور اس معرفت کا حصول انھیں کی خبروں اور صحیح قال پر موقوف ہے۔ اے لڑکے علم اللہ والوں کے منہ سے لیا جاتا ہے، صحیفوں اور دفتروں سے نہیں لیا جاتا ہے سے کان کو نزدیک کر اس لئے کہ وہ دُور نہیں ہے لیکن تجھ تک اس کی نقل کا دستور نہیں ہے۔ پس اس عبارت سے یہی نتیجہ نکلا کہ خاصانِ الٰہی کے ساتھ بیعت کرنا فرض ہے۔ خاص معرفت کے حاصل کرنے کے لئے جو پیدائش کا مقصد ہے جو انہیں کے قال سے حاصل ہوتا ہے۔ نہ علم رسمی اور ریاضتِ شاقہ اور نہ کشفِ مقید اور خرق عادات اور انوارِ حالات سے۔ حضرت قربی رح کی مذکورہ عبارت سے بات بالکل واضح ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت اگر کوئی شخص چاہے کہ دن رات ریاضات شاقہ سے حاصل کرلے ممکن نہیں، بلکہ یہ اللہ تعالےٰ کے کسی مقبول و برگزیدہ بندے ہی کی بارگاہ سے مل سکتی ہے۔ چنانچہ حضرت قربی رح حضرت بابا فرید گنج شکر رح سے متعلق ایک جگہ بیان فرماتے ہیں کہ حضرت بابا صاحب نے چھتیس سال تک ریاضت و مجاہدہ کیا، ایک روز ہاتفِ غیب نے آواز دی کہ اے فرید! میں نے تمہیں مقام کن فیکون عطا کیا، تو آپ نے عرض کیا کہ الٰہ العالمین میں نے یہ ریاضت مقام کن فیکون کے حاصل کرنے کے لئے نہیں کیا بلکہ تیرا وصال چاہتا ہوں۔ تو جواب آیا کہ اگر میری معرفت چاہتا ہے تو میرے کسی عارف بندے کے پاس جا، وہاں میں ملوں گا۔ چنانچہ حسب ہدایت ربی حضرت قطب الدین بختیار کاکی رح کی بارگاہ

میں گئے حضرت نے بیعت کر کے مختصر سی مدت میں آپ کے دامن کو گوہر مقصود سے بھر دیا۔ مقصود پا جانے کے بعد بابا صاحب نے فرمایا کہ میں نے چھتیس ۳۶ سال لاحاصل عمر ضائع کر دی۔

اس خانوادے کا ہمیشہ یہی طریقۂ تعلیم رہا ہے کہ دست بکار دل بیار، کبھی ان بزرگوں نے اپنے مریدین سے یہ نہیں کہا کہ خدا کو پانا ہے تو ضروریات دنیا سے کنارہ کش ہو جاؤ دنیا نہ کماؤ۔ بیوی بچوں سے الگ ہو جاؤ۔ بلکہ ان سب کو ساتھ لئے ہوئے خدا تک پہنچنے کی تعلیم دیتے رہے۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں اور ان بزرگوں کے وسیلے سے اپنی معرفت سے نوازے اور اس سیاہ کار کی مغفرت فرماتے ہوئے خطیرۃ القدس میں جگہ عنایت کرے اور اس رسائل قربی رح سے ہر ایک کو پورا پورا استفادہ کی توفیق عطا فرمائے (آمین ثم آمین)

خادم العلماء
محمد طیب الدین اشرفی مونگیری
استاذ دار العلوم لطیفیہ مکان حضرت قطب ویلور
قدس سرہ العزیز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین

رسالہ اثباتِ وجودِ حقیقی

محامد متکاثرہ واثنیہ متوافرہ جمیع موجودات راجع بذاتیست کہ موجود حقیقی نیست جز او، اگرچہ غیر او نیز موجود حقیقی ہست وصلوٰۃ زاکیات وتحیات وافیات نازل بر سیدیست کہ مقصود حقیقی نیست جز او اگرچہ غیر او نیز مقصود حقیقی است صلی اللہ تعالے علیہ وعلے آلہ وسلم۔

امّا بعد چنین میگوید کمترین بندگان

تمام موجودات کی بے شمار وبے حد حمد وثنا اُس ذات کے لئے ہے جس کے سوا کوئی موجود حقیقی نہیں ہے اگرچہ اس کا غیر بھی موجودِ حقیقی ہے اور پاکیزہ کامل درود وسلام نازل ہو اُس سردار پر جن کے سوا کوئی مقصود حقیقی نہیں ہے اگرچہ آپ کا غیر بھی مقصودِ حقیقی ہے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔

بعد حمد اور صلوٰۃ بارگاہِ ذوالمنن کا حقیر بندہ رکن الدین سید شاہ ابو الحسن

**درگاہِ ذوالمنن رکن الدین محمّد
شاہ ابو الحسن القادرے**

اوصلہ اللہ تعالیٰ الی مدارجِ غایات
العلم والیقین واقامہ علیٰ
معارجِ نہایات صحّۃ الدّین در
اثباتِ حقیقی بودنِ وجودِ باری
تعالےٰ و وجودِ ماسوا۔

القادری کہتا ہے، وجودِ
باری تعالیٰ اور وجودِ
ماسوا کے حقیقی ہونے کو
ثابت کرنے کے بارے میں
اللہ تعالےٰ اس کو (علم ویقین
کے بلند ترین مرتبوں تک پہنچائے
اور صحتِ دین کی انتہائی
بلندیوں پر قائم رکھے۔

بداں اے برادرِ دینی زادنا
اللہ وایاک علماً صحیحاً ویقیناً نقیاً
کہ وجودِ کلّی مشکّک است کہ در
افرادِ خود مساوات ندارد۔ چنانچہ
واجب و ممکن ہر دو موجود اند و وجود
در واجب بغلبہ و شدّت یافتہ می شود
در ممکن بضعف و مغلوبیت۔

جانئے اے برادرِ دینی کہ اللہ
تعالیٰ ہمیں اور تمہیں صحیح
علم اور پاکیزہ یقین زیادہ کرے
کہ وجودِ کلّی مشکّک ہے، جو
اپنے افراد کے درمیان مساوات
نہیں رکھتا ہے۔ چنانچہ واجب
اور ممکن دونوں کے دونوں موجود
ہیں اور واجب کے اندر وجود
غلبہ اور شدّت سے اور ممکن کے اندر
ضعف و مغلوبیت سے پایا جاتا ہے۔

سوال اگر کسے گوید کہ چوں وجودِ واجب غالب ہست، و وجودِ ممکن مغلوب، پس اگر وجودِ واجب را حقیقی گوئیم و وجودِ ممکن را مجازی چہ نقصان؟

جواب حقیقت آں را گویند کہ لفظ دلالت کند بر موضوع لہ، و مجاز آں کہ لفظ دلالت کند بر غیر موضوع لہ، پس لفظِ وجود را کہ واضع برای دلالت بر موضوع لہ خود دلالت می کند اگرچہ بعضے افراد آں غلبہ و شدّت، و بعض افراد آں ضعف و مغلوبیت داشتہ باشند پس واضح شد کہ اطلاق وجود بر ہر

سوال اگر کوئی شخص کہے کہ جب وجودِ واجب غالب ہے اور وجودِ ممکن مغلوب ہے، تو اگر ہم وجودِ واجب کو حقیقی اور وجودِ ممکن کو مجازی کہہ دیں تو کیا خرابی ہے؟

جواب حقیقت اس کو کہتے ہیں کہ لفظ اپنے موضوع لہٗ پر دلالت کرتا ہے اور مجاز وہ ہے، کہ لفظ اپنے غیر موضوع پر دلالت کرتا ہے۔

پس لفظِ وجود کو واضع نے موضوع لہٗ پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا ہے، اس لئے وہ اپنے موضوع لہٗ پر دلالت کرتا ہے، اگرچہ اس کے بعض افراد میں غلبہ و شدّت اور اس کے بعض افراد میں ضعف اور مغلوبیت پائے جاتے ہیں۔ اس سے واضح ہوگیا کہ وجود کا اطلاق

دو فرد از واجب و ممکن حقیقی است،
نہ بر واجب حقیقی و بر ممکن مجازی۔

سوال اگر کسے گوید از لفظ وجود
نزدِ عرفا معنی مراد است کہ قائم بنفس
خود باشد و مقوّم غیر خود و بدیں معنی
اطلاقِ وجود برحق تعالیٰ دلالت
دارد بر موضوع او بر غیر او کہ قائم بنفس
خود نیست و مقوّم غیر خود ہم نیست
دلالت بر غیر موضوع لہ می کند پس اطلاق
وجود بر غیر مجازی باشد نہ حقیقی۔

جواب گوئیم کہ وضع واضع جمیع
افراد موضوع لہ را شمول دارد زیرا کہ
ہر لفظ را واضع بملاحظہ افراد موضوع

واجب اور ممکن کے دونوں افراد
پر حقیقی ہے نہ کہ واجب پر حقیقی
اور ممکن پر مجازی ہو۔

سوال اگر کوئی شخص کہے کہ لفظ
وجود سے عُرفاء کے نزدیک
وہ معنی مراد ہے جو اپنے نفس سے
قائم ہو اور اپنے غیر کے لئے مقوّم ہو
اور اسی معنی وجود کا اطلاق اللہ
تعالیٰ کی ذات پر ہوتا ہے، اور
موضوع لہ پر بولا جاتا ہے اور غیر
حق تعالیٰ پر جو اپنی ذات سے قائم
نہیں اور اپنے غیر کا بھی مقوّم نہیں
غیر موضوع لہ معنی پہ دلالت کرتا
ہے پس وجود کا اطلاق غیر پر
مجازی ہوگا حقیقی نہیں۔

جواب میں کہتا ہوں کہ وضع
کرنے والے کی وضع تمام افراد موضوع
لہ کو شامل ہوتی ہے، اس لئے کہ
ہر لفظ کو وضع کرنے والے نے

له وضع کرده ویقین حاصل است که
واضع بے خبر از افراد موضوع له کیفیت
آں نبود زیرا که اگر بے خبر بودے
وضع او باطل شدے و ہیچ جا در
قرآن مجید و احادیث شریف و اقوال
بزرگان ابطال وضع واضع نیامده،
پس ثابت شد که وضع واضع شامل
جمیع افراد موضوع له است نعم تفاوت
در زیادت و نقصان و غلبه و
مغلوبیت یافته می شود و لفظ وجود
ہر جا دلالت بر موضوع له دارد۔
پس اطلاق آں بر ہر فرد حقیقی
باشد نه مجازی مثلاً واضع لفظ علم

موضوع لہ کے افراد کو پیش نظر رکھ
کر وضع کیا اور اسے یقین حاصل
کہ واضع موضوع لہ کے افراد اور اس
کی کیفیت سے بے خبر نہیں ہوتا ہے
کیونکہ اگر بے خبر ہوتا تو اس کی وضع ہی
باطل ہوتی اور کسی جگہ قرآن مجید میں
اور احادیث شریف میں اور اقوال
بزرگان دین میں وضع واضع کو باطل
نہیں قرار دیا گیا، پس ثابت ہو گیا
کہ وضع واضع موضوع لہ کے تمام
افراد کو شامل ہے۔ ہاں فرق
زیادتی اور کمی اور غلبہ
و مغلوبیت کے اندر پایا جاتا
ہے اور لفظ وجود ہر جگہ
موضوع لہ پر دلالت کرتا ہے،
پس اس کا اطلاق ہر فرد پر حقیقی
ہوگا نہ کہ مجازی، مثلاً واضع
نے لفظ علم کو جس کے افراد
موضوع لہ کثیر ہیں۔ افراد مذکورہ

را کہ افراد موضوع لہ او کثیر است
بملاحظۂ افراد مذکورہ وضع کردہ پس
ہر فرد آں را عالم گوئیم دلالت
بر موضوع لہ دارد، پس اطلاق علم
بر ہر فرد آں حقیقی باشد نہ مجازی۔

سوال اگر کسے گوید، ما وجودِ
باری تعالیٰ را حقیقی میگوئیم
بجہت آں کہ بذاتہ است و وجود
ماسوی را مجازی کہ بذاتہ نیست۔

جواب چوں ثابت شد، کہ
حقیقت دلالت لفظ ہست بر
موضوع لہ و مجاز غیر آں پس وجود
موجودی را بذاتہ گفتن و وجود موجودی

کے لحاظ سے وضع کیا ہے، تو
تو اس کے ہر فرد کو جسے ہم عالم
کہتے ہیں موضوع لہ پر دلالت کرتا
ہے بس پس علم کا اطلاق
اس کے ہر فرد پر حقیقی ہوگا،
نہ کہ مجازی۔

سوال اگر کوئی شخص کہے
کہ وجود باری تعالیٰ
کو اس اعتبار سے حقیقی کہیں گے
کہ اس کا وجود بذاتہ ہے اور اس
کے ماسوا کو مجازی اس اعتبار سے
کہیں گے کہ اس کا وجود بذاتہ نہیں ہے۔

جواب جب یہ ثابت ہو گیا، کہ
حقیقت موضوع لہ پر دلالت کرنے
کا نام ہے اور مجاز اس کے علاوہ،
پس کسی موجود کے وجود کو بذاتہ ہے
کہنا اور کسی موجود کے وجود کو بذاتہ
نہیں ہے کہنا کہ دونوں موجود

را بذاته نیست گفتن صفت هر دو
موجود هست و با این صفت لازم
نمی آید که خلاف وضع باشد پس ثابت
شد که اطلاق لفظ وجود بر هر موجود حقیقی
است اگرچه صفت یکے چنیں باشد
و صفت دیگرے چناں پس
یقیں شد که وجود هر دو موجود حقیقی است
مثلاً علم باریتعالی از حدوث و زوال و نهایت
بری است و علم موجودات هیچ گاه
خالی ازیں صفات نیست لیکن لفظ
علم هر جا حقیقی است نه مجازی زیرا که
هر جا لفظ علم دلالت بر موضوع له
دارد نه بر غیر آں پس بیقین ثابت

کی صفت کہا ہے اور اس صفت
سے لازم نہیں آتا ہے کہ خلاف
وضع ہو پس ثابت ہو گیا
لفظ وجود کا اطلاق ہر موجود
پر حقیقی ہے اگرچہ ایک کی صفت
ایسی ہو اور دوسرے کی صفت
ویسی ہو پس یقین ہو گیا کہ
دونوں موجود کا وجود حقیقی ہے
مثلاً علم باری تعالیٰ حدوث
اور زوال اور نہایت
سے پاک ہے اور علم موجودات
کبھی ان صفات سے خالی نہیں
ہے۔ لیکن علم کا اطلاق ہر جگہ
حقیقی ہے، نہ کہ مجازی۔
اس لئے کہ ہر جگہ علم
موضوع لہ پر دلالت کرتا
ہے نہ اس کے غیر پر، پس
یقین سے ثابت ہو گیا کہ وجود
بھی ہر جگہ حقیقی ہی بولا جاتا

شد کہ اطلاق وجود بہر جا حقیقی است نہ مجازی۔

بداں اے برادر دینی زادنا اللہ وایاک علماً صحیحاً کہ کمل اولیا قدس اللہ اسرارہم نسبت عینیت حقیقی اصطلاحی وغیریت حقیقی اصطلاحی درمیان خالق ومخلوق ثابت می کنند تا آیات و احادیث دال بیگانگی و آیات و احادیث دال بر بیگانگی ہمہ بجائے خود مثبت باشند۔ الحق اگر عینیت حقیقی اصطلاحی نباشد آیات مثل قل ہو اللہ احد و آیۂ لیس کمثلہ شیئ وہو السمیع البصیر

ہے نہ مجازی۔

جانئے اے برادر دینی، اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں علم صحیح زیادہ کرے کامل ترین اولیاء اللہ قدس اسرارہم بھی نسبت عینیت حقیقی اصطلاحی اور غیریت حقیقی اصطلاحی خالق اور مخلوق کے درمیان ثابت کرتے ہیں پس وہ آیات واحادیث جو یگانگی پر دال ہیں اور وہ آیات واحادیث جو بیگانگی پر دال ہیں، تمام اپنی جگہ پر یقیناً ثابت ہیں۔ اگر عینیت حقیقی اصطلاحی نہ ہو، تو آیات مثلاً (ترجمہ):۔

فرما دیجئے اللہ ایک ہے اور اسکی مثل کوئی چیز نہیں اور وہی سننے دیکھنے والا ہے۔

اور ہم تمہاری شہ رگ

وآیۃ نحن اقرب الیہ من حبل الورید،
وآیۃ۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ و
آیۃ، وفی انفسکم افلا تبصرون۔ و
آیۃ، سنریہم آیاتنا فی الآفاق، و
انفسہم حتی یتبین لہم انہ الحق،
آیۃ، انہ بکل شیء محیط، وآیۃ
ما یکون من نجوی ثلثۃ الا ہو رابعہم
ولا خمسۃ الا ہو سادسہم و
ادنی من ذالک ولا اکثر ہو معہم
اینما کانوا۔ وآیۃ۔ وہو معکم
اینما کنتم۔ واحادیث
مثل، انا احمد بلا میم، انا عرب
بلا عین۔ وحدیث من رآنی

سے بھی زیادہ قریب ہیں جسطرف
تم پھرو اُدھر اللہ کا رُخ ہے۔
اور وہ تمہارے ہی نفس میں ہے
تو کیا تم نہیں دیکھتے ہو، عنقریب
ہم دکھائیں گے ان کو اپنی نشانیاں
آفاق میں اور ان کے نفسوں میں
یہاں تک کہ اُن کے لئے ظاہر ہو
جائے کہ وہ حق ہے۔ یقیناً
وہ ہر چیز کو گھیرے ہوئے
ہے۔ جہاں کہیں تین شخصوں کی سرگوشی
ہو تو چوتھا وہ موجود ہے اور پانچ
کی تو، چھٹا وہ، اور نہ اس سے کم
اور نہ اس سے زیادہ کی۔ مگر یہ کہ وہ
ان کے ساتھ ہے، جہاں کہیں
ہوں۔ وہ تمہارے ساتھ ہے
جہاں کہیں تم رہو۔ اور "احادیث"
(ترجمہ) میں بلا میم کے احمد ہوں
اور بلا عین کے عرب ہوں۔ جس
نے مجھے دیکھا اس نے حق کو دیکھا۔

فقد رأى الحق، و حدیث لو دلیتم
بحبل لهبط علی الله، و حدیث
الله فی قبلة المصلی و حدیث
لاتسبوا الدهر فان الدهر هو
الله و حدیث، مرضت فلم تعدنی
وسالت فلم تعط واقوالِ بزرگاں
کہ ماخوذ ازیں آیات و احادیث
ہست، مثل قول سلطان العارفین
بایزید بسطامی قدس سرہٗ
سبحانی ما اعظم شانی، و قول سید الطائفہ
جُنید بغدادی قدس سرہٗ لیس
فی جبتی سوی اللہ۔ و قولِ منصور
قدس سرہٗ۔ انا الحق و قولِ

اگر تم رسّی سے لٹکائے جاؤگے،
تو وہ اللہ پر گرے گی۔
اللہ تعالیٰ مصلیوں کا قبلہ
ہے۔
اور دہر کو گالی نہ دو اس لئے
کہ دہر ہی اللہ ہے۔
میں بیمار ہوا اور تو نے عیادت
نہیں کی۔ میں نے سوال کیا تو تو
نے نہیں دیا۔ اور بزرگوں کے
اقوال جو انہیں آیات اور احادیث
سے ماخوذ ہیں۔
جیسے بایزید بسطامی رح کا قول (ترجمہ)
پاک ہے میری ذات، کیا ہی
بلند ہے میری شان، اور حضرت
جنید کا قول :-
میرے جبّے میں اللہ کے سوا
کوئی نہیں ہے،
اور حضرت منصور کا قول :-
میں ہی حق ہوں۔

عین القضات قدس سرہ
قم باذنی وقول بزرگے
لیس فی الدار غیرہ دیار، وقول
شیخ محی الدین عربی قدس سرہ
فقل فی الکون ما شئت ان شئت
قلت ہو الخلق وان شئت قلت
ہو الحق۔ خواجہ فریدالدین عطار
قدس سرہ

من خدایم من خدایم من خدا
فارغم از کبر وکینہ وز ہوا

جلال الدین رومی قدس سرہ

ہم سبو ما ہم عرب ما ہم ملک
جملہ ما یوفک عنہ من افک

فخر الدین عراقی قدس سرہ

اور حضرت عین القضات کا قول
میرے حکم سے اٹھو، اور
ایک بزرگ کا قول ہے، گھر
میں اس کے سوا وہ کوئی رہنے
والا نہیں ہے اور حضرت شیخ
محی الدین عربی رح کا قول :-

پس کہو کون کے اندر جو چاہو
اگر چاہو کہو وہ خلق ہے، اگر
چاہو کہو وہ حق ہے۔

حضرت خواجہ فریدالدین عطار
کا قول ہے سہ

میں خدا ہوں میں خدا ہوں،
میں خدا ہوں، غرور کینہ اور ہوائے
نفس سے خالی وپاک ہوں۔

جلال الدین رومی رح کا قول سہ

ہم سبو بھی ہیں، ہم عرب بھی
ہیں، ہم ملک بھی ہیں ہم سب کچھ
ہیں، اس سے روگرداں کیا جاتا
ہے جس نے روگردانی کی۔

اور فخر الدین عراقی رح سہ

روزت بستودم و نمی دانستم
شب با تو غنودم و نمی دانستم
ظن بود مرا ہمی کہ من جملہ منم
من جملہ تو بودم و نمی دانستم

مولانا عبدالرحمن جامیؒ قدس سرہٗ

ہمسایہ و ہمنشین و ہمرہ ہمہ اوست
در دلق گدا و اطلس شہ ہمہ اوست
در انجمن فرق و نہانخانۂ جمع
باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

و امثال کہ دفاتر و صحائف ہمہ ازاں مملوست چگونہ درست شود اگر غیریت حقیقی اصطلاحی نباشد ایں ہمہ نصوص قرآنی و احادیث و امر و

ایک دن میں نے تیری تعریف کی اور میں نہ جان سکا۔ ایک رات میں نے تیرے ساتھ محو استراحت رہا اور میں نہ سمجھ سکا۔ مجھے اپنے متعلق گمان تھا کہ سب کچھ میں ہی ہوں حالانکہ درحقیقت کچھ نہ تھا، جو کچھ تھا تو تھا۔ اور مجھے علم نہ ہوا۔

۵ اور مولانا عبدالرحمن جامیؒ

ہمسایہ ہمنشیں اور ہمراہ سب وہی ہے۔ گدا کے گدڑی میں اور بادشاہ کے اطلس میں سب وہی ہے۔ فرق کی انجمن میں اور جمع کے نہاں خانہ میں، قسم بخدا سب وہی ہے، پھر قسم بخدا سب ہی ہے اور اسی طرح دفاتر اور صحائف ان تمام سے بھرے ہوئے ہیں کسطرح درست ہوں گے، اور اگر غیریت حقیقی اصطلاحی نہ ہو تو یہ تمام نصوص قرآنی اور احادیث اور امر و نہی، وعدہ وعید اور تبشیر و تنذیر، رحمت اور لعنت

نہی و وعد و وعید و تبشیر و تنذیر
و رحمت و لعنت کہ مقتضائی غیر
و غیریت است مثل آیۂ اقیموا
الصّلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ و آیۂ ولا
تأکلوا الربوا و آیۂ انّ الابرار
لفی نعیم و ان الفجار لفی جحیم
و آیۂ ان المتقین فی جنّٰت و
نھر و آیۂ ءانذرتھم ام لم
تنذرھم لا یؤمنون و مثل آیۂ
افغیر اللہ تتقون و دیگر آیات و
احادیث کہ ثبوت تنزیہہ حق سبحانہٗ
وتعالیٰ از جمیع نقائص می کند،
مثل سبحان ربك رب العزّۃ

جو غیر اور غیریت کا مقتضا ہیں،
جیسے آیات (ترجمہ)
نماز قائم کرو اور زکواۃ دو،
اور سود نہ کھاؤ۔
بے شک نیک لوگ البتہ
جنت ہیں، اور برے لوگ
البتہ جہنم میں ہیں۔
اور بے شک متقین
جنّت میں ہیں۔ اور نہر الخ
خواہ آپ ان کو ڈرائیں یا نہ
ڈرائیں، وہ ایمان نہیں لائیں
گے۔
کیا اللہ کے غیر سے ڈرتے ہو۔
اور دوسرے آیات و احادیث
جو حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی تمام نقائص
سے تنزیہہ پر دلالت کرتی ہیں
آیۃ (ترجمہ):۔
پاک ہے تیرا رب عزّت والا

عمّا یصفون ومثل آیۃ اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد وحدیث ما عرفناک حق معرفتک وحدیث لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک وحدیث لا تطرونی کما اطرت النصاریٰ عیسی ابن مریم انما انا عبد فقولوا عبد اللہ ورسولہ واقوال بزرگاں مثل ما خطر ببالک فھو خلاف ذالک وقول ما للتراب ورب الارباب وقول بایزید بسطامی قدس سرہ ان قلت یوما

ان چیزوں سے جن سے وہ لوگ متّصف کرتے ہیں۔ اللہ بے نیاز ہے، نہ اس نے جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ اس کا کوئی شریک ہے۔

حدیث (ترجمہ) اے رب ہم نے تجھے کما حقہٗ نہیں پہچانا۔ کما حقہٗ میں تیری ثنا نہیں کرسکتا۔ تو وہی ہے جیسا کہ تو نے اپنی ثنا کی ہے۔ نہ متصف کرو یا پکارو مجھے اس طرح جیسا کہ نصاریٰ نے عیسیٰ ابن مریم کو متصف کیا۔ تحقیق کہ میں بندہ ہوں پس تم لوگ مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو۔ اور بزرگوں کے اقوال مثلاً (ترجمہ) تیرے دل میں کوئی بات نہیں ہوئی جو وہ اس کے خلاف ہو۔ رب الارباب کے ہوتے ہوئے تیرے رب کو کیا مل سکتا ہے۔

اور حضرت بایزید رحمۃ اللہ علیہ کا

سبحانی ما اعظم شانی فا
نا الیوم مجوسی فاقطع زناری
بسکین اشہد ان لا الہ
الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ و
اشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ
وقول شیخ اکبر رضی اللہ عنہ
الرب حق والعبد حق، یالیت
شعری من المکلف، فان قلت
عبد فذلک میت، وان قلت
رب انی یکلف سہ

ہر چہ آں بر ہم نہادہ دست حس و وہم و عقل
کبریائیش سنگ بطلاں اندراں انداختہ
در میدان کنہ ادراک تو حکم انداز عقل

قول ہے۔ اگر کسی دن میں سبحانی
ما اعظم شانی کہوں تو اس دن
مجوسی ہوں، میری زنار کو لا الہ
الا اللہ الخ کی چھری سے کاٹ دو۔
اور شیخ اکبر کا قول ہے کہ رب
حق ہے اور بندہ حق ہے۔ کاش
میں جانتا کہ ان میں سے
کون مکلف ہے۔
اگر تم کہو کہ وہ بندہ
ہے تو میت ہے۔
اور اگر کہو کہ رب
ہے تو وہ مکلف کیونکر
ہوگا ہے

حس و وہم اور عقل، جو
کچھ دخل اندازی کی ہے
اس پہ اللہ کی کبریائی نے
بطلان کا پتھر دے مارا۔
تیری کنہ ادراک کے میدان
میں عقل کے حکم انداز نے

در ہزیمت تیر شکستہ کمان انداختہ
مولوی جامی قدس سرہ در نقد
النصوص فرمودہ کہ انسان مرأتیست
ذات وجہین در یک وجہش خصائص
ربوبیت پیدا و در یک رویش
نقائص عبودیت ہویدا۔ چوں
بخصائص ربوبیت نگری از ہمہ
موجودات بزرگ تراست۔ و
چوں نقائص عبودیت شماری از
ہمہ کائنات خوارتر و بے مقدار تر
بچہ طور راست آید۔ پس بیقین ثابت
می شود کہ وجود مولی تعالی
وتقدس و وجود موجودات حقیقی

شکست کھاکر تیر توڑ دیا اور
کمان پھینکدی۔
مولوی جامی قدس سرہ نقد النصوص
میں فرماتے ہیں کہ انسان دو رُخ
والا آئینہ ہے۔ اس کے ایک رُخ
میں ربوبیت کے خصائص ظاہر ہیں
اور اس کے دوسرے رُخ میں
عبودیت کے نقائص پیدا ہیں۔
جب ربوبیت کے خصائص
میں غور و فکر کروگے تو تمام
موجودات سے اعلیٰ ہے۔ اور
جب عبودیت کے نقائص گنوگے
تو تمام کائنات سے ذلیل اور
حقیر تر ہے تو کس طرح یہ درست
ہوسکتے ہیں۔ پس یقین سے ثابت
ہوجاتا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ تقدس
کا وجود اور موجودات
کا وجود حقیقی ہے۔
اس لئے کہ واقع اور نفس الامر

است زیرا کہ در واقع و نفس الامر
می یابیم چہ وہم و خیال نیست پس
انکار آں مثل انکار حس باشد اگر
عینیت درمیان خالق و مخلوق و
غیریت میان ہر دو حقیقی صطلاحی
نبود پس عینیت حقیقی و غیریت نسبی
باشد پس لازم می آید کہ عالم را صفات
اللہ تواں گفت زیرا کہ ہمیں نسبت
درمیان ذات و صفات و معلومات
حق تعالیٰ است پس جمیع وعیدات
و عذاب و لعنت و نقائص راجع بحق
تعالیٰ خواہد بود و حال آنکہ از ابطال
آں قرآن شریف و احادیث

ہیں ہم پاتے ہیں۔
کیونکہ یہ وہم اور خیال نہیں
ہے، پس اس کا انکار حس کے
انکار کی طرح ہوگا۔ اگر خالق و
مخلوق کے درمیان عینیت حقیقی
اور غیریت حقیقی دونوں اصطلاحی
نہ ہو تو عینیت حقیقی اور
غیریت نسبی ہوگا تو اس سے
لازم آتا ہے کہ عالم کو صفات
اللہ کہہ سکتے ہیں۔ اس لئے
کہ یہی نسبت ذات اور
صفات اور معلومات حق
تعالیٰ کے درمیان ہے۔
پس تمام عذاب و مواخذہ
لعنت اور نقائص اللہ تعالیٰ
کی جانب لوٹ جائیں گے۔
حالانکہ ان کے بطلان سے
قرآن اور احادیث اور
عقائد بھرے ہوئے ہیں۔

منیف وعقاید مملو است مثلاً
اگر کسے صورت چند از خاک سازد و
آں صورتہارا بآتش بسوزد، یا
بشکند ازیں سوختن وشکستن
خاک بری نیست بلکہ خاک خود
می سوزد و می شکند، زیراکہ نمود صورتہا
وہمی بیش نیست پس چگونہ اسمائے
الٰہی مثل قدوس وسبوح وسبحان
وسلام وآیات واحادیث مشتملبر
تنزیہہ درست آید ونیز مدح اولیاء
بر اثبات مسئلہ وحدت الوجود و
ذم کفار کہ قائل بآن نیستند
برای چہ باشد و در انا الحق گفتن

مثلاً اگر کوئی شخص چند
صورتیں مٹی سے بنائے،
اور ان صورتوں کو آگ
میں جلائے یا توڑ دے
تو اس جلانے اور توڑنے
سے مٹی بری نہیں ہے بلکہ
مٹی خود جلتی ہے اور ٹوٹتی
ہے۔ اس لئے کہ ان صورتوں
کا ظہور وہمی سے زیادہ کی
حیثیت نہیں ہے۔ پس کس
طرح اسمائے الٰہی مثلاً قدوس
سبوح، سبحان اور سلام
اور آیات واحادیث جو تنزیہہ
پر مشتمل ہے درست ہوسکیں
گے اور نیز اولیاء کی تعریف
وحدت الوجود کے مسئلے کے ثابت
کرنے پر اور کفار کی برائی، جو
اس کے قائل نہیں ہیں کس طرح
ہو گی اور منصور قدس سرہ کے

منصور قدس سرہٗ و انا ربکم الاعلیٰ
گفتن فرعون فرق چیست و معنی
بیت مثنوی ؎
آن انا را رحمۃ اللہ از وفا
وین انا را لعنت در قفا
چہ باید کرد۔ پس بیقین ثابت شد کہ
عینیت ہم حقیقی اصطلاحی و غیریت
ہم حقیقی اصطلاحی است و عینیت
حقیقی و غیریت نسبی و غیریت حقیقی و
عینیت نسبی کہ فریقین ملاحدہ منکرین
می گویند، یا از دائرۂ اذہان ایشاں
بیروں نہ نہادہ مانند شریک باری
در کنج عدم متواریست بلکہ خالقی

انا الحق کہنے میں اور فرعون کے
انا ربکم الاعلیٰ کہنے میں کیسے
فرق ہوگا اور مثنوی کے اس
بیت کا کیا معنی لیا جائے گا کہ
؎ وہ انا وفا کی وجہ سے
رحمۃ اللہ ہے اور اس انا کے
پیچھے لعنت اللہ ہے۔ پس یقین
سے ثابت ہوگیا کہ عینیت بھی
حقیقی اصطلاحی ہے اور غیریت
بھی حقیقی اصطلاحی ہے، اور
عینیت حقیقی اور غیریت نسبی
اور غیریت حقیقی اور عینیت
نسبی کہ ملاحدہ اور منکرین
فرقہ والے کہتے ہیں، یا وُں
ان کے ذہنوں سے بالکل خارج
نہیں ہے جیسے شریک باری عدم
کے گوشہ میں پوشیدہ ہے۔
بلکہ وہ خالق جو خلق کے
ساتھ عین حقیقی اور غیر نسبی

که عین حقیقی و غیر نسبی است با
خلق و خلقی که غیر حقیقی و عین نسبی
است با خالق در خارج وجود
ندارد و برائے شہادت بر صحت
ایں مدّعا دو گواہ عدل از کلماتِ
قدسیۂ حضرت قطب الاقطاب
فرد الاحباب پیر پیراں سیّد عبد القادر
جیلانی رضی اللہ عنہ وارضاہ عنا و
ونفعنا من برکاتہ علومہ آمین آوردہ
می شود تا باعثِ ازدیادِ یقین تو
شود بیقین بشنو فلا نری الغیرہ
وجودا مع حفظ حدود الشرع
وکلمۂ ثانی کل حقیقۃ ردت لها

اور وہ خلق خالق کے ساتھ
غیر حقیقی اور عین نسبی ہے خارج
میں کوئی وجود نہیں رکھتا ہے
اور اس مدعا کی صحت
پر شہادت کے لئے حضرت
قطب الاقطاب فرد الاحباب
پیر پیراں سید عبد القادر
جیلانی رضی اللہ عنہ
وارضاہ عنا ونفعنا من
برکاتہ علومہ (آمین) کے
کلمات قدسیہ سے دو عادل
گواہ لائے جاتے ہیں تاکہ تم کو
یقین زیادہ ہو یقین سے سنو:-
(ترجمہ) پس نہیں دیکھے گا
تو اس کے غیر کا وجود حدودِ
شریعت کو ملحوظ رکھنے کے ساتھ
اور دوسرا کلمہ، ہر وہ حقیقت
جس کو شریعت رد کر دے
پس وہ زندقہ ہے۔ اے

الشريعة فهو زندقة، اللهم
انّي اسئلك من خير ما سألك
به نبيك محمد واعوذ بك من
شر ما استعاذ بك منه
محمد نبيك صلى الله تعالىٰ عليه
وآله وسلم برحمتك يا ارحم
الراحمين۔

اللہ تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم نے تجھ سے جو کچھ بہتر سوال
کیا میں تجھ سے وہی سوال کرتا
ہوں اور تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ
وسلم نے جن چیزوں کی
بُرائی سے پناہ مانگی ہے،
میں بھی اُن سے پناہ مانگتا ہوں
—— تیری رحمت کے وسیلہ
سے، اے تمام رحم کرنے والوں میں
زیادہ رحم کرنے والے!

رسالۂ حق الحق

که سیف قاطعیست در قطعِ شبہات و شکوک که بر کشفِ مطلق که
کشفِ الٰہی ہست می آرند

(ترجمہ) ان شکوک و شبہات کے کاٹنے میں سیف قاطع ہے کشفِ مطلق جس کو کشفِ الٰہی بھی کہتے ہیں کئے جاتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین

الحمد للہ که غیرِ خود ہموست و الصلوٰۃ والسلام علی محمدؐ که عین مقصود خود ہموست و علیٰ آلہ و صحبہ اجمعین۔

اما بعد میگوید اقل الخلق و الخلیقہ رکن الدین محمد شاہ ابوالحسن القادری احسن اللہ حالہٗ و مالہٗ

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جو اپنا غیر وہی ہے اور درود و سلام نازل ہو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو عینِ مقصود ہیں خود وہی ہے اور ان کے تمام آل و اصحاب پر۔

بعد حمد اور صلوٰۃ کے مخلوق اور وجود میں کمتر رکن الدین سید شاہ محمد ابوالحسن القادری اللہ تعالےٰ اس کے حال اور انجام کو بہتر کرے

که ای طالبانِ حق وای مریدانِ
کشفِ مطلق، بدانید که کشف مقید
که آنرا توحید شهودی میگویند و کشف
کون و خرق عادات از لوازم آنست
و مقصود بالذّات نیست ارسال
رسل و انزالِ کتب برای حصول آن
نشده و آن از مراتبِ عامه است
زیرا که با انبیاء و اولیاء اصحاب
شمال نیز دراں شریک اند و حصول
آن مثل جوانی و پیریِ طبیعت
عالم است که بعد سحق و محق همه
بنی آدم را در قیامت خواهد شد۔
ـ روزِ حشر که بر عموم بشر

کہتا ہے کہ اے حق کے طلب کرنے
والے اور کشفِ مطلق کے چاہنے
والے جان لو کہ کشف مقید جس کو
توحید شہودی کہتے ہیں اور کون کا
کشف اور خرق عادت اس کے
لوازم میں سے ہیں اور وہ مقصود بالذات
نہیں ہیں رسولوں کا بھیجنا، اور
کتابوں کا نازل کرنا اس کے لئے
نہیں ہوا ہے اور وہ مراتب عامہ
سے ہے اس لئے کہ انبیاء اور
اولیاء کے ساتھ اصحاب شمال
بھی اس میں شریک ہیں اور اس
کا حصول طبیعت عالم کے جوانی اور
بڑھاپے کے مثل ہے جو تمام بنی
آدم کے فناء ہونے مٹنے کے
بعد کے قیامت میں ہوگا ـ
محشر کے دن تمام بشر
پر حق تعالیٰ تمام صورتوں
میں تجلّی فرمائے گا

حق تجلّی کند بجملہ صور

بلکہ بہر ذرہ را از ذرّات عالم خواہد
شد و پیش از بعثت انبیاء مردم
را حاصل بود و بعد از بعثت انبیاء
نیز حکماء را بود مثل افلاطون و جالینوس
وغیرہما چنانچہ در کتب معتبرۂ کلامیہ
مرقوم است کہ یافت حق تعالے
بکشف است یا بدلیل۔

آنانکہ بکشف یافتہ اند، و
تابع انبیاء نشدہ حکمای اشراقین
اند و آنانکہ بکشف یافتہ و تابع
انبیاء شدہ صوفیہ اند آنانکہ بدلیل
یافتہ و تابع انبیاء نشدہ حکمائے

بلکہ ذرات عالم میں سے ہر ذرے
کو تجلّی ہو گی اور بعثت انبیاء
سے پہلے لوگوں کو حاصل تھی
اور انبیاء کی بعثت کے بعد بھی
حکماء کو میسر تھی جیسے افلاطون
اور جالینوس وغیرہما، جیسا کہ علم
کلام کی معتبر کتابوں میں لکھا ہوا ہے
کہ اللہ تعالے کی یافت یا
تو کشف سے ہے، یا دلیل سے،

جن لوگوں نے کشف سے پایا اور انبیاء کے تابع
نہیں ہوئے حکماء اشراقین ہیں اور جن لوگوں نے
کشف سے پایا اور انبیاء کے تابع ہوئے صوفیہ
ہیں اور جن لوگوں نے دلیل سے پایا اور
انبیاء کے تابع نہیں ہوئے حکماء مشائین
ہیں۔

اور جن لوگوں نے دلیل

مشائین اند وآنانکہ بدلیل یافتہ وتابع انبیاء شدہ متکلمین اند، پس بتوضیح معلوم شد کہ برائے حصول آن احتیاج ارسالِ رُسل وانزالِ کتب نیست فلہذا در زمانِ ما بعضے جوگیان وسنیاسیان نیز بآن میرسند وآن مشروط بریاضاتِ شاقہ واشغالِ مقیدہ است کہ مشترک است درمیان اہلِ اسلام وہنود۔ چنانچہ درکتبِ سلوک مشروحاً مسطور است پس بیقین معلوم شد کہ کشف مقید مقصود بالذات نیست وآنچہ مقصود بالذات

سے پایا اور انبیاء کے تابع ہوئے متکلمین ہیں۔

پس وضاحت سے معلوم ہوا کہ اس کے حصول کے لئے ارسالِ رسل اور انزال کتب کی ضرورت نہیں ہے۔ پس اسی لئے ہمارے زمانے میں بعض جوگی اور سنیاسی بھی اس کشف تک پہنچتے ہیں اور وہ ریاضاتِ شاقہ اور اشغال مقیدہ کے ساتھ مشروط ہے اور یہ اہل اسلام اور ہنود کے درمیان مشترک چیز ہے جیسا کہ سلوک کی کتابوں میں تشریحاً لکھا ہوا ہے۔

پس یقین سے معلوم ہوا کہ کشف مقید مقصود بالذات نہیں ہے اور وہ جو کہ مقصود بالذات ہے۔ علم باللہ ہے

است علم باللہ ست کہ کشف
الٰہی ست وآں اصطلاحست و
موقوفست بر قال صحیح مرشد
اصطلاح داں وارسال رسل و
انزال کتب محض برائے حصول آنست

سوال اکثر کمل در زمان سابق
خود بایں مقام رسیدہ طالباں را
نیز بہمیں طریق بحق واصل میکردند،
سبب چہ بود؟

جواب بداں کہ جواب ایں بوجوہ
است یکے آنکہ ایشاں را کمال شوق
وصول بود و بے قرار میبودند و
خود بخود بایں مقام میرسیدند و تسلی

جو کشفِ الٰہی ہے، اور یہ
اصطلاح ہے اور اصطلاح
جاننے والے مرشد کے صحیح
قال پر موقوف ہے، ارسالِ
رسل اور انزالِ کتب محض اسی
کے حصول کے لئے ہیں۔

سوال: اکثر کاملین پہلے
زمانے میں خود اس مقام پر
پہنچکر طالبین کو بھی اسی طریقہ
سے حق تک پہنچاتے تھے
اس کا کیا سبب تھا۔

جواب جانئے کہ اس کا جواب
چند طریقے سے ہے۔
ایک یہ کہ ان کو وصول کا شوق
بہت زیادہ تھا اور بہت بے قرار
رہا کرتے تھے اور خود بخود اس
مقام تک پہنچ جاتے تھے، پھر بھی

نمی یافتند۔ دوم آنکه پیش از یافتن
مرشد کامل چنیں کارہا میکردند۔ چوں
مرشد را می یافتند ریاضتہا گذشتہ
خود را بوی تسلیم می نمودند ؎

کار و باری کہ ندارد پا و سر
ترک کن ہیں پیر خر اے پیر خر
غیر پیر استاد و سر لشکر مباد
پیر گردوں نے ولی پیر رشاد
شرط تسلیم است نے کار دراز
سود نبود در ضلالت ترکتاز
من بجویم زیں سپس راہ اثیر
پیر جویم پیر جویم پیر پیر

سوم ہم ایشاں طبیبان الٰہی بودند،

تسلی نہیں ہوتی تھی۔
دوسرے یہ کہ مرشد کامل کے پانے
کے پہلے ایسی ایسی ریاضتیں کیا کرتے
تھے، جب مرشد کامل کو پا جاتے
ریاضتوں کو چھوڑ کر اپنے آپ کو
مرشد کامل کے حوالے کر دیتے تھے۔

؎ وہ کاروبار جس کا پاؤں اور
نہ سر ہے چھوڑ دے۔ ہاں پیر اختیار
کر اے فلاں پیر اختیار کر۔ پیر
کے سوا کوئی استاد اور سردار لشکر
نہ ہو (میری مراد) پیر گردوں نہیں ہے
لیکن پیر ہدایت ہے۔ اپنے آپ
کو سپرد کر دینا شرط ہے، نہ کہ ریاضت
شاقہ، ضلالت میں دوڑ دھوپ
مفید نہیں ہے۔ میں اس کے بعد دنیا
کا راستہ نہ ڈھونڈوں گا۔ پیر ڈھونڈھ
رہا ہوں، پیر ڈھونڈھ رہا ہوں، پیر
پیر

تیسرے یہ کہ یہ لوگ طبیبان الٰہی

مناسب حال اہل زمانہ علاج می
کردند ما طبیبانیم شاگردانِ حق
بحرِ قلزم دید مارا فانفلق
آں طبیبانِ طبیعی دیگراند
کہ بدل از راہِ نبضی بنگرند
ما بدل بیواسطہ خوش بنگریم
کز فراست ما بعالی منظریم
و دریں زمان کہ طالبان حق بہ
مثال اطفال ضعف مزاج دارند
آں علاج ایشاں راچگونہ راست آید

چہارم آنکہ در زمان ما چنانچہ
علمائے دیندار برائے ہدایت تابعان
حکماء مشائین تعلم علوم عقلی نمودہ و

تھے زمانے والوں کے حال کے مناسب
علاج کرتے تھے

ہم شاگردانِ حق ہیں، طبیب ہیں
بحر قلزم نے ہم کو دیکھا تو پھٹ
گیا، وہ طبعی طبیب دوسرے ہیں، جو
دل کو نبض کی راہ سے دیکھتے
ہیں۔ہم دل کو بلا واسطہ اچھی طرح
دیکھتے ہیں۔

اس لئے کہ ہم فراست سے
بہت بلند منظر پہ ہیں اور اس زمانے
میں کہ طالبان حق بچوں کی مثال
پر کمزور مزاج رکھتے ہیں، وہ علاج
ان کو کس طرح مناسب آئیگا۔

چوتھے یہ کہ ہمارے زمانے میں جس
طرح دیندار علماء نے ہدایت کے لئے
مشائین حکماء کے متبعین کو، علوم عقلیہ
کو سیکھا اور ان کے دلائل کو نقلی

و دلائل آں را مطابق دلائلِ نقلی کردہ ایشاں را الزام دادہ ہدایت بدین و ایماں کردند ہمچنیں اولیاء کشفِ مقید حاصل کردہ تابعانِ حکمائے اشراقین را جوگیان و سناسیاں را کہ کشفِ مقید داشتند الزام دادہ ہدایت بدین و ایماں نمودند پس کشفِ مقید و کشف کون و خرق عادات محتاج الیہ اولیاء برائے ہدایت گمراہان ست نہ مقصود بالذات

پنجم آنکہ الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق آمدہ چوں ہر راہی کہ مقید بود متروک شدہ زیراکہ مقصود

دلائل کے مطابق کیا، ان کو الزام دیکر دین وایمان کی ہدایت بخشی، اسی طرح اولیاء نے کشفِ مقید حاصل کر کے حکماء اشراقین کے تابع لوگوں کو اور جوگیوں اور سناسیوں کو جو کشف مقید رکھتے تھے الزام دے کر دین و ایمان کی جانب ہدایت کی۔ پس کشفِ مقید کشف کون اور خرق عادات جن کی اولیاء کو ضرورت ہوتی تھی گمراہوں کی ہدایت کے لئے تھے نہ کہ مقصود بالذات تھے

پانچویں یہ کہ اللہ کی جانب پہنچنے کے راستے مخلوق کے سانس کی تعداد میں ہیں۔ ہر وہ راہ جو مقید تھی متروک ہو گئی۔

بالذّات نیست و ازانجملہ کشف مقیّد نیز یکے است و راہی کہ مطلق است و جامع جمیع طرق است مقصود بالذّات است و آں کشف الٰہی است پس حصول آں ضرور شدہ پس راہِ متروک را اختیار کردن و راہ ضروری راگذاشتن راہ وصول حق کہ مقبول است مسدود نمودن است

اس لئے کہ مقصود بالذّات نہیں ہے اور انہیں میں سے ایک کشف مقید بھی ہے اور وہ راہ جو مطلق ہے تمام راستوں کو جامع ہے اور مقصود بالذات ہے وہ کشفِ الٰہی ہے۔ پس اس کا حصول ضروری ہوا۔ لہٰذا متروک راستہ اختیار کرنا اور ضروری راستہ کو چھوڑ دینا جو حق تک پہنچنے کا راستہ ہے اور مقبول ہے مسدود کر دینا ہے۔

فصل در اثبات ہمیں معنی یعنی اثباتِ عینیت حقیقی معہ غیریت حقیقی،

فصل اسی معنی کے ثابت کرنے میں، یعنی عینیت حقیقی غیریت حقیقی کے ساتھ ثابت کرنا۔

سوال چوں سالک را فناء الفناء مقید دست دہد اضمحلالِ تام در شعور او نماید، دراں حال اندراس نسبتِ

سوال۔ جب سالک کو مقید فناء الفناء میں حاصل ہو جاتا ہے، تو پورے طور پر اضمحلال اس کے شعور میں پیدا ہوتا ہے۔ ایسی

عینیت حقیقی و غیریت مجازی با مولا
تعالی صحیح است بر مثالِ گفتن مجنوں
انا لیلی اما بعد افاقہ چگونہ صحیح شود
اگر می شدے کمل بر انا الحق گفتنِ منصور
ایراد نہ کردندے۔ چنانچہ عاشقِ شہباز
خواجہ بندہ نواز قدس سرہٗ فرمود کہ اگر
منصور در زمانِ من بودے، او را
مسلمان می کردم و اگر ابراہیم ادہم
بودے ہم بر تخت بخدا می رسانیدم
یعنی حق سبحانہٗ تعالی بحکم ہو الظاہر
اظہرِ اشیا ست جہتہ رسانیدن او
کشفِ مقید و ریاضاتِ شاقہ چہ ضرور
است کشفِ مطلق کہ کشفِ الٰہی

حالت میں اس کو نسبت عینیت
حقیقی و غیریتِ مجازی کی اللہ
تعالی کے ساتھ نسبت صحیح ہے جیسا
کہ مجنوں کا انا لیلےٰ کہنا، لیکن
افاقہ کے بعد کیسے صحیح ہو سکتا
ہے۔ اگر صحیح ہوتا تو کاملین منصور
کے انا الحق کہنے پر اعتراض نہ کرتے
چنانچہ عاشق شہباز خواجہ بندہ نواز
قدس سرہٗ نے فرمایا کہ اگر منصور
میرے زمانے میں ہوتے تو میں ان
کو مسلمان کرتا اور اگر ابراہیم
ادہم ہوتے تو حکومت کے تخت
پر بھی ان کو خدا تک پہنچاتا یعنی
حق سبحانہٗ و تعالی ہو الظاہر
کے مطابق اشیاء میں ظاہر تر ہے
اس تک پہنچانے کے لئے کشفِ
مقید اور ریاضاتِ شاقہ کی کیا
ضرورت تھی۔
کشفِ مطلق جو کشفِ الٰہی ہے

است وآں از قال صحیح کمل حاصل

می شود ضروریست وسلطان العارفین

بایزید بسطامی قدس سرہ نفرمودے

کہ ان قلت یوما سبحانی ما اعظم شانی

فانا الیوم مجوسی فاقطع زناری بسکین

اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہٗ لا شریک لہٗ واشہد

ان محمدًا عبدہٗ ورسولہٗ۔

ازینجاست کہ شیخ الکل میراں محی الدین

سید عبدالقادر جیلانی رضی اللّٰہ عنہ وارضاہ

عنا ونفعنا بعلومہ آمین فرمود کہ اسپ

من واسپ اخی بایزید در میدان توحید

برابر دویدند۔ اما اسپ من دو

قدم پیش رفت۔ یکے آں کہ

وہ کاملین کے صحیح قال سے حاصل

ہوتا ہے، وہ ضروری ہے، اور

سلطان العارفین بایزید بسطامی

قدس سرہ یہ نہ فرماتے کہ اگر آج میں

سبحانی ما اعظم شانی کہوں پس آج میں

مجوسی ہوں۔ لہذا میرے

زنار کو اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ

وحدہٗ لا شریک لہٗ واشہد ان محمدًا

عبدہٗ ورسولہٗ کی چھری سے کاٹ

دو۔

اور اسی جگہ ہے کہ شیخ الکل

میراں محی الدین سید عبدالقادر جیلانی

رضی اللّٰہ عنہ وارضاہ عنا ونفعنا بعلومہ

(آمین) نے فرمایا کہ میرا گھوڑا اور

میرے بھائی بایزید کا گھوڑا توحید

کے میدان میں برابر دوڑ رہے ہیں

لیکن میرا گھوڑا دو قدم آگے ہے،

ایک یہ کہ وہ بغیر شادی کے اس

مقام تک پہنچے اور میں نکاح کی

او بہ تجرید بدیں مقام رسید و
من سنت تزویج ادا کردہ بایں
مقام رسیدم، دیگر آں کہ او در غلبۂ
حال کلمۂ سبحانی ما اعظم شانی بر زباں
راند و من در غلبۂ حال چنیں کلمہ نگفتم
جواب این نسبت بعد افاقہ صحیح
نیست زیرا کہ ناشی از حالت
اضمحلال شعور و سکر و بیہوشی است
و بحصول کشف الٰہی کہ کشف
مطلق است و ناشی از مقام تمیز و
ہوش است سرّ عینیت حقیقی و غیریت
حقیقی بر سالک منکشف می شود،
دراں وقت ہر چہ داند و ہر چہ گوید

سنت ادا کرتے ہوئے اس
مقام تک پہنچا۔
دوسرے یہ کہ انہوں نے حال
کے غلبہ میں سبحانی ما اعظم شانی
کا کلمہ زبان پر لائے اور میں نے
غلبۂ حال کے وقت میں ایسا کلمہ
نہیں کہا ـــ
جواب یہ نسبت افاقہ کے بعد
صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ شعور
کے اضمحلال اور سکر کی حالت
سے پیدا ہوتی ہے اور کشف
الٰہی کے حصول سے جو کشف
مطلق ہے اور تمیز و ہوش کے
مقام سے پیدا ہوتا ہے،
عینیت حقیقی اور غیریت
حقیقی کا بھید سالک پر کھل
جاتا ہے اس وقت میں جو کچھ
جانتا ہے جو کچھ کہتا ہے،
اور جو کچھ کرتا ہے اور جو کچھ

وہرچہ کند وہرچہ بیند باتبعیت شریعت مطابق واقع است و ارسالِ رُسل و انزالِ کتب برائے تفہیم واقع است وآں موقوف بر قالِ صحیح کامل است یا غلام یوخذ العلم من افواہ رجال اللہ لامن الصحائف والدفاتر نہ بر علم رسمی نہ بر ریاضات شاقہ نہ بر کشفِ شہودی نہ بر کشف کون نہ بر خرق عادات کہ لازم آنست والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ وما علینا الا البلاغ

دیکھتا ہے شریعت کی اتباع کے ساتھ واقع کے مطابق ہے۔ اور رسولوں کا بھیجنا اور کتابوں کا نازل کرنا واقع کو سمجھانے کے لئے ہے اور یہ کامل کے صحیح قال پر موقوف ہے۔ اے لڑکے علم اللہ والوں کے منہ سے حاصل کیا جاتا ہے نہ کہ کتب اور دفاتر سے۔ اور نہ علوم رسمی پر، نہ ریاضات شاقہ پر، نہ کشف شہودی پر، نہ کون کے کشف پر نہ خرق عادات پر جو اسکے لوازم ہیں۔ سلامتی ہے اس شخص پر جس نے ہدایت کی اتباع کی اور نہیں ہے ہمارے اوپر مگر روشن حقیقت کا پہنچانا۔

رسالۂ برہانِ قاطع
در بیان
توحیدِ جامع

بسم اللہ الرحمن الرحیم و بہ نستعین

یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

الحمد للہ الواھب التحقیق والا یقان والموصل الی الذوق والوجدان والصلوٰۃ والسلام علیٰ محمد صاحب العلم والعیان وکاشف اسرار الکشف والبرھان صلی اللہ علیہ وعلیٰ الہ وصحبہ التابعین لہ بجمال الایقان ۵

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تحقیق وایقان کا بخشنے والا ہے اور جو ذوق اور وجدان تک پہنچانے والا ہے اور درود و سلام ہو محمدؐ جو علم اور اعیان اور کشف و برہان کے اسرار کو کھولنے والے ہیں اور اللہ کی رحمت نازل ہو ان پر اور انکی آل اور انکے اصحاب پر جو کمال یقان سے پیروی کرنیوالے ہیں۔

اما بعد میگوید کمترین خادمانِ جناب قدوۃ العارفین و زبدۃ الواصلین

حمد و صلوٰۃ کے بعد جناب قدوۃ العارفین و زبدۃ الواصلین

حضرت محمد مخدوم القادری قدس
اللہ سرہ ابو الحسن القادری احسن اللہ حالہ
ومالہ ـــــ بداں ای عزیز
ارشدک اللہ وایانا الی کمال الایمان
بالتحقیق والایقان والذوق والعیان
کہ حق تعالیٰ در قرآن مجید فرمودہ یا یہا
الذین آمنوا آمنوا باللہ و رسولہ
و در جای دیگر فرمودہ ھو الذی انزل
السکینۃ فی قلوب المؤمنین
لیزدادوا ایمانا مع ایمانہم
ایمان اول قرار داد مجتہدین است
رحمہم اللہ علیہم وشکر سعیہم، و شریعت
بمعنی ظاہر دین کہ در کلام عرفاء قدس اللہ

حضرت محمد مخدوم القادری قدس
سرہٗ کا کمترین خادم ابو الحسن
القادری، اللہ تعالیٰ اس کے حال و انجام
کو بہتر بنائے کہتا ہے ـــ ای عزیز
اللہ تعالیٰ تمہیں اور ہمیں تحقیق و ایقان
اور ذوق و اعیان کے ساتھ کمال ایمان
کی ہدایت کرے، جانو کہ حقتعالیٰ نے
قرآن مجید میں فرمایا ہے' کہ اے لوگو!
وہ جو ایمان لائے ہو ایمان لاؤ اللہ
اور اسکے رسول پر' اور دوسری جگہ
فرمایا کہ وہ اللہ جس نے سکینہ کو
مومنین کے دلوں میں نازل فرمایا تاکہ
ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان میں
زیادتی ہو' ایمان اول مجتہدین کا قرار
دادہ ہے (اللہ ان پہ رحم فرمائے اور انکی
کوشش قبول کرے) اور شریعت بمعنی
ظاہر دین جو عرفاً قدس اللہ اسرارہم کے
کلام میں آیا ہے وہی ہے' اور وہ واقع
او نفس الامر میں عبد و رب کے درمیان'

اسرار ہم آمدہ ہمانست و آں ثبوت
نسبت غیریت است درمیان عبد
و رب در واقع و نفس الامر کہ حقائق
الاشیاء ثابتہ و عرفاء نیز مثبت
ایں غیریت اند چنانچہ کلام بعضے
از ایشاں ست غیریۃ حقیقیۃ و
ذاتیۃ و ایمان ثانی قرار داد عرفاست
و حقیقت بمعنی باطن دین کہ در کلام
ایشاں می آید عبارت ازاں است
و آں ثبوت نسبت عینیت حقیقی است
درمیان رب و عبد در واقع و نفس
الامر پس منشاء غیریت حقیقی ایمان
اول است و منشاء عینیت حقیقی

غیریت کی نسبت کا ثبوت ہے۔
اس لئے کہ حقائق اشیاء ثابت
ہیں اور عرفاء بھی اس غیریت کو
ثابت کرتے ہیں جیسا کہ ان میں سے
بعض کا کلام ہے کہ غیریت حقیقی
ہے، اور ذاتی ہے۔ اور ایمان ثانی
عرفاء کا قرار دادہ ہے اور حقیقت
باطن دین کے معنی میں جو ان کے
کلام میں آتا ہے اور ان کی مراد
اسی سے ہے۔ واقع اور
نفس الامر میں رب اور عبد
کے درمیان عینیت
کی نسبت کا ثبوت ہے۔
پس غیریت حقیقی کا منشاء
ایمان اول ہے اور عینیت
حقیقی کا منشاء ایمان ثانی ہے۔
اور ہر دونوں کا جمع کمال
دین سے ہے۔

ایمان ثانی وجمع از کمال دین
است چنانچہ قول جنید است
قدس سرہ الجمع بلا تفرقۃ
زندقۃ وجمع الجمع توحید ؎
فرق چہ بود عین غیر انگاشتن
جمع غیرش را عدم پنداشتن
صاحب تقلید اہل فرق دان
کو ندید از حق دریں عالم نشاں
آنکہ گوید نیست کلی ہیچ غیر
در یقین اوست مسجد عین دیر
جمع جمع است آنکہ حق بیند عیاں
در مرایای ہمہ فاش و نہاں
صاحب این مرتبہ کامل بود

جیسا کہ حضرت جنید قدس سرہ کا
قول ہے جمع بلا تفرقہ کے زندقہ ہے
اور جمع الجمع توحید ہے ؎
فرق کیا چیز ہے عین غیر سمجھنا
جمع کیا ہے اس کے غیر کو معدوم سمجھنا۔
تقلید والے کو اہل فرق
سمجھو۔
جس نے اس عالم میں حق کا نشان
نہ دیکھا۔
جو آدمی یہ کہتا ہے پورے طور
پر کوئی غیر نہیں ہے۔
اس کے یقین میں مسجد بعینہٖ
مندر ہے۔
جمع الجمع وہ جو حق کو عیاں
دیکھتا ہے۔
تمام کے آئینوں میں فاش اور
نہاں دیکھتا ہے۔
یہ مرتبے والا کامل ہوتا ہے۔

زاں کہ ایں آں ہر دو را شامل بود و مجتہدین نیز مصدق ایں معنی اند چنانچہ قول امام المسلمین امام مالک رحمۃ اللہ علیہ مصرح ایں معنی است من تفقہ ولم یتصوف فقد تفسق ومن تصوف ولم یتفقہ فقد تزندق ومن جمع بینہما فقد تحقق وحصول ہر دو بخبر مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم است وبس۔

کیونکہ اس کو اور اُس کو دونوں کو شامل ہے۔

اور مجتہدین بھی اسی معنی کے مصدق ہیں جیسا کہ امام المسلمین امام مالک رح کا قول ہے اس حقیقت کی وضاحت کر رہا ہے کہ جس نے فقہ سیکھی اور تصوف نہیں سیکھا پس وہ فاسق ہوا اور جس نے تصوف سیکھا اور فقہ نہیں سیکھی پس وہ زندیق ہوا اور جس نے ان دونوں کو جمع کیا، پس وہ محقق ہوا اور دونوں کا حصول مخبر صادق علیہ السلام کی خبر سے ہے اور بس۔

اللھم ارزقنا ھذا المعنی بطریق الذوق والعیان کما اعطیت بالتحقیق والایقان ببرکۃ حبیبك

اے اللہ! ہمیں ذوق اور عیان کے طریقے سے اس حقیقت کی توفیق دے جیسا کہ تو نے تحقیق اور ایقان کے ساتھ عطا کیا اپنے حبیب

محمد علیہ الصلوٰۃ و السلام والتحیۃ والرضوان برحمتك یا ارحم الراحمین۔

محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ والرضوان کی برکت سے، اپنی رحمت سے ارحم الراحمین۔

دلیل محکم فی بیان التوحید الاقوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ وبہ نستعین

حمد ذاتی کہ ہمہ از وست و بدوست بلکہ ہمہ اوست و صلوٰۃ و سلام بر موجودیکہ فی الحقیقۃ مظہر حق تعالیٰ اوست و ہمہ مظاہر اوست صلی اللہ علیہ وسلم۔

اس ذات کے حمد تمام اسی سے ہیں، اسی کے ساتھ ہیں بلکہ تمام وہی ہے اور صلوٰۃ و سلام ایسے موجود پر جو حقیقت میں اللہ تعالیٰ کے مظہر وہی ہیں اور تمام آپ کے مظاہر ہیں۔ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

بداں ای عزیز ارشدک اللہ

اے عزیز! اللہ تعالیٰ تمہیں اور

وما یا نا الی کمال العرفان بالتحقیق
والایقان والذوق فی الوجدان

کہ قرار داد علماء است کہ بندہ فاعل
مختار است و اضافت ثبوت
اختیار با سلب آن بعبد میکنند
و از طریق افراط و تفریط اجتناب
ورزند و مذہب ایشاں بہ ثبوت
اختیار بعبد و سلب آن نست از وی
و دانستن آن بروجہ واقع مفوض بعلم
الٰہی دارند یا راسخان در علم کہ علم
ایشاں قطرۂ از بحر علم نامتناہی ست

ہم چنیں عرفا بہ ثبوت وجود بعبد
و سلب آن از وی قائل اند و علماء

ہمیں کمال عرفان کی جانب تحقیق و ایقان
ذوق و وجدان کے ساتھ
پہنچائیے یہ بات جانو کہ علماء کا متفقہ فیصلہ
ہے کہ بندہ فاعل مختار ہے اور اختیار کے
